# SSLC TOP TEST SERIES    Test No:1

**KP**    **URDU**    Time:45 Mnts

**10**    Focus Area Based, Chapters 01-05    Score: 20

## TYPE-A

1۔ نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوب صورت تھی وہ زندگانی

a) اس شعر میں شاعر کس کے بارے میں بتا رہا ہے؟ 1

b) شعر غور سے پڑھیے۔ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

3۔ " میں ساجن ہوں۔ گاؤں کے ایک غریب خاندان میں رہتا ہوں۔ میرے ابّا جان بچپن سے ہی مر گیا.........." بچّو، ساجن اپنی آپ بیتی کہہ رہا ہے۔ آپ بھی اپنے بارے میں چند جملے لکھیے۔ 4

4۔ مدر ٹریسا نے اپنی زندگی غریبوں اور بیماروں کے لیے قربان کر دی تھی۔
بچّو، مدر ٹریسا کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟ ایک نوٹ لکھیے۔ 4

اشاروں کی مدد سے ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

نام : ندا فاضلی۔ شہرت : شاعر، ناول نگار ، فلمی گیت کار
پیدائش : ۱۲/اکتوبر ۱۹۳۸ء دلّی میں۔
ادبی کارنامے : کھویا ہوا سال، آنکھ اور خواب کے درمیاں، دنیا میرے آگے۔
انتقال : ۸/فروری ۲۰۱۶ء ممبئی میں۔

5۔ منّی کی شادی کے بعد رحمت ہندوستان چھوڑ کر اپنا وطن کابول گیا۔ ابّا جان کو دیکھ کر اس کی بیٹی خوشی سے دوڑ کر آئی اور گلے لگا کر پوچھنے لگی.......

بیٹی : ابّا جان، آپ اتنے سال کہاں تھے؟

رحمت : ..........................................................

رحمت اور بیٹی کی گفتگو آگے بڑھائیے۔ 4

# TYPE-B

1۔ کہانی 'کابلی والا' ربندر ناتھ ٹیگور کی ایک کہانی ہے۔

a) رحمت اس کہانی کے ایک اہم کردار ہے۔ دو کرداروں کے نام لکھیے۔ 1

b) پسندیدہ ایک کردار پر چند جملے لکھیے۔ 3

2۔ بیماروں کے بستر پر سوتا تھا خدا اس کا

لاچاروں کے چہروں سے روتا تھا خدا اس کا

a) اس شعر میں شاعر کس کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ 1

b) شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

3۔ میری ساری کامیابیوں کی حقدار صرف میری ماں ہے ماں....

بچّو،اگر آپ کو ساجن سے ملنے کا موقع ملا تو کیا کیا سوالات کریں گے؟

تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

4۔ مفلسی سماج کا بڑا مسئلہ ہے۔اس کو دور کرنا ہر ایک شہری کا فرض ہے۔

ساجن جیسے غریب لوگوں کی مدد کے لیے آپ کیا کر سکتے ہیں؟

ایک نوٹ لکھیے۔ 3

5۔ پوسٹر غور سے پڑھیے۔اس کی مدد سے ایک اخباری رپورٹ تیار کیجیے۔ 4

**شام غزل**

۱۰/مارچ ۲۰۲۰ء پانچ بجے ، ٹاؤن ہال، ملاپرم

صدارت : رام کمار ورما ( صدر پنچایت )

افتتاح : ساجن (آئی۔اے۔ایس )

اظہار تشکر: انل داس ( سکرٹری، آزاد آرٹس کلب۔ملاپرم )

سب کو خیر مقدّم

6۔ ذیل میں دیے گئے ادیبوں سے افسانہ نگاروں کے نام چن کر لکھیے۔ 2

[راجیندر سنگھ بیدی، نظیر اکبر آبادی، ندا فاضلی، پریم چند]

# TYPE-C

1۔ قوسین سے نامناسب لفظ چن کر لکھیے۔ 1

[غزل ، کہانی ، رباعی ، نظم]

2۔ مناسب لفظ چن کر خانہ پورا کیجیے۔ 2

[کہانی، ندافاضلی ،سدرشن فاخر]

| | | |
|---|---|---|
| کاغذ کی کشتی | .................... | بچپن |
| کابلی والا | رابندر ناتھ ٹگور | .......................... |

3۔ صحیح جملہ کونسا ہے۔ چن کر لکھیے۔ 1

آج میرے ماں کی محنت رنگ لائی ہے۔

آج میری ماں کی محنت رنگ لائی ہے۔

آج میرا ماں کی محنت رنگ لائی ہے۔

4۔ خانہ 'الف' خانہ 'ب' سے ملایئے۔ 2

| الف | ب |
|---|---|
| غریبوں کا مسیحا<br>محنت رنگ لائی<br>ستاتی ہے مفلسی<br>کابلی والا | آپ بیتی<br>نظیراکبرآبادی<br>منّی<br>ندا فاضلی |

5۔ پیاسا تمام روز بٹھاتی ہے مفلسی

بھوکا تمام رات سلاتی ہے مفلسی

a) بچّو ،اس شعر کا شاعر کون ہے؟ 1

b) شاعر اس شعر میں مفلسی کے بارے میں کیا کیا بیان کرتا ہے؟

تین جملے لکھیے۔ 3

6۔ اشعار غور سے پڑھیے ان میں سے بچپن پر لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔

a) انسان کی خاطر جو بھگوان سے لڑتی تھی
وہ پیاسی زمینوں پر اتری سی گھٹاؤں سی

b) کھڑی دھوپ میں اپنے گھر سے نکلنا
وہ چڑیا وہ بلبل وہ تتلی پکڑنا

c) مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر
دیتا ہے اپنی جاں وہ ایک ایک نان پر

7۔ قوسین سے کہانی 'کابلی والا' کے کرداروں کے نام چن کر لکھیے۔

[ساجن ، رحمت ،مالتی ، منّی] 2

8۔ نیچے دیے گئے ادیبوں سے افسانہ نگار اور فلمی گیت کاروں کے نام الگ الگ خانوں میں لکھیے۔

[مجروح سلطان پوری ،پریم چند، ندا فاضلی ، علی عبّاس حسینی] 4

| افسانہ نگار | فلمی گیت کار |
|---|---|
| .............................. | .............................. |

9۔ عبارت پڑھیے اور نیچے دیے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

رابیندر ناتھ ٹیگور بنگالی زبان کے مشہور شاعر،افسانہ نگار اور انشائیہ نگار ہیں۔ وہ ۷/مئی ۱۸۶۱ء میں کلکتہ میں پیدا ہوئے۔ان کی پہلی کتاب ۱۷ برس کی عمر میں شائع ہوئی۔ہندوستان کا قومی ترانہ 'جنا گنا منا' ان کا شعری مجموعہ 'گیتا نجلی' سے لیا ہے۔۷ اگست ۱۹۴۱ء میں ان کا انتقال ہوا۔

a) رابیندر ناتھ ٹیگور کون تھے؟

b) رابیندر ناتھ ٹیگور کی پیدائش کہاں ہوئی؟

c) قومی ترانہ 'جنا گنا منا' ٹیگور کا کس شعری مجموعہ سے لیا ہے؟

d) ٹیگور کا انتقال کب ہوا؟

# SSLC TOP TEST SERIES TestNo:15

**KP** **URDU** Time:45 Mnts

**10** Focus Area Based, Chapters 06-11 Score: 20

## TYPE-A

1۔ فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں
مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں

a) اس شعر میں شاعر کس کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ 1

b) اس شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3

2۔ گووند کہتا ہے " میں اب بھی تندرست ہوں ۔میں نے ابھی تک نہ کسی ڈاکٹر سے علاج کروایا اور نہ ہی کوئی دوا لی"

بچّو، بوڑھا گووند کی تندرستی کی وجوہات کیا کیا ہوں گی؟ نوٹ لکھیے۔ 3

3۔ کھجری گاؤں کا حیاتیاتی نظام آج بھی زندہ ہے۔جنگل کی بربادی، آلودگی، غیر سائنسی شہرکاری وغیرہ سے ہمارے حیاتیاتی نظام بگڑ جاتی ہے۔آپ کے علاقے کے حیاتیاتی نظام حفاظت کرنے کے لیے آپ کیا کر سکتے ہیں۔لکھیے۔ 4

4۔ کسان لوگ اپنے لیے نہیں بلکہ ساری دنیا کے لیے محنت کرتے ہیں۔ ان کی محنت سے دنیا ترقی پاتے ہیں۔کسانوں کی محنت اور ملک میں ان کی اہمیت پر آپ کے خیالات لکھیے۔ 3

5۔ چھٹیوں کے بعد انجلی اپنے ماں باپ کے ساتھ کلکتہ جانے کی تیاریاں کر رہی ہے۔ اسے اپنے دادا جان کو بھی کلکتہ لے جانے کی بڑی خواہش تھی۔وہ اپنے دادا جان کے پاس جاکر کہنے لگی۔۔

انجلی : دادا جان، آپ ہمارے ساتھ کلکتہ آئیں گے نا؟

دادا جان : ................................................ 4

6۔ نیچے دیے کرداروں سے کہانی 'کابلی والا' کے کرداروں کے نام چن کر لکھیے۔

[سپاہی، شنگر، امرتا دیوی، پرہت جی]

# TYPE-B

1۔ کہانی 'سوا سیر گیہوں' پریم چند کی ایک کہانی ہے۔اس میں کسانوں کے مسائل پیش کرتا ہے۔

a) اس کہانی کا دو کرداروں کے نام لکھیے۔ 1

b) پسندیدہ ایک کردار پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 3

2۔ گووند کہتا ہے میں تو ادھر آرام ہی کر رہا ہوں بیٹی یہاں کی آب و ہوا اور سکون کہاں ملے گا؟ گووند ایسا کیوں کہتا ہے۔ گاؤں کی خصوصیات بیان کرکے ایک نوٹ لکھیے۔ 3

3۔ کھانے کے لیے کھیتی کرنا ضروری ہے۔ دیس کی ترقی میں کسان اور کھیتی باڑی کیا اہمیت رکھتے ہیں۔ آپ کے خیالات لکھیے۔ 3

4۔ انسان جنگل برباد کرتے ہیں، کھیتوں کی جگہ بڑی بڑی عمارتیں بناتے ہیں۔ بچوّ، فطرت کو بگاڑنے کی وجہ سے ہمیں کن کن مشکلات سامنا کرنا پڑتا ہے؟ آپ کے خیالات لکھیے۔ 3

5۔ اشاروں کی مدد سے پریم چند کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

| | |
|---|---|
| نام | : منشی پریم چند |
| اصلی نام | : دھنپت رائے |
| شہرت | : ناول اور افسانہ نگار |
| مشہور ناول | : گئودان ،نرملا ، غبن ،میدان عمل |
| مشہور افسانے | : کفن ، دو بیل، منتر ،پوس کی رات |

6۔ انجلی کا دادا جان گاؤں کے ایک محنتی آدمی ہے۔ وہ اپنے بڑھاپے میں بھی محنت کرتا رہتا ہے۔اگر آپ کو گووند سے ملنے کا موقع ملا تو آپ ان سے کیا کیا سوالات کریں گے تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

# TYPE-C

1۔ نیچے دیے کرداروں سے کہانی 'کھجبری کے سائے میں' کے کردار کون کون ہیں؟ [شنگر، امرتا دیوی، سپاہی، پروہت جی] 2

2۔ مناسب لفظ چن کر خانہ پورا کیجیے۔ 2

[احسان دانش، پریم چند، عبدالحلیم شرر]

| | | |
|---|---|---|
| سوا سیر گیہوں | کہانی | ..................... |
| ہل چلائیں | ..................... | نظم |

3۔ ذیل میں چند ادیبوں کے نام دیے گئے ہیں۔ ان میں سے مضمون نگاروں اور شاعروں کو الگ الگ خانوں میں لکھیے۔ 2

[سر سیّد احمد خان، فیض احمد فیض، مرزا غالب، ابو الکلام آزاد]

| مضمون نگار | شاعر |
|---|---|
| ............................. | ............................. |

4۔ دیے گئے جملوں میں دیہات سے تعلق رکھنے والے جملے چن کر لکھیے۔ 2

☆ چاروں طرف پیڑ پودے اور ہرے بھرے کھیت ہیں۔

☆ آب و ہوا صاف ستھرا ہے۔

☆ ندی نالوں میں کوڑا کرکٹ اور گندہ پانی نظر آتے ہیں۔

☆ لوگ مختلف بیماریوں کے شکار ہوتے ہیں۔

5۔ برستے بادلوں میں کھیتیاں جب لہلہاتی ہیں
تو ان کی آرزوئیں جھومتی ہیں مسکراتی ہیں

a) اس شعر کا شاعر کون ہے؟ 1

b) شعر میں شاعر کس بات کے بارے میں بیان کرتا ہے؟ 1

[بچپن ، کسانوں کی محنت ، پیڑ لگانے کی اہمیت ]

6۔ مناسب حروف چن کر خانہ پورا کیجیے۔ [ میں، کو، کے، سے، کا ] 2

ایک دن ....... واقعہ ہے جب ساجن اسکول .....پڑھ رہا تھا۔ اس دن شام.......وہ نئے کپڑے پہن کر اسکول ....... لوٹ آیا۔

7۔ عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

پرانے زمانے کی بات ہے کہ جودھپور کے راجا نے اپنی شاہی محل کو اور خوبصورت بنانے کا فیصلہ کیا۔ جس کے لیے اچھے اچھے قیمتی پیڑوں کی ضرورت تھی ۔ راجا نے اعلان کیا کہ جلدی ہی جلدی اچھی اور انمول لکڑیاں جمع کی جائیں۔ حکم پاتے ہی سپاہی لوگوں نے گاؤں کے کونے کونے گھوڑے دوڑائے۔

a) شاہی محل کو اور خوبصورت بنانے کے لیے کون فیصلہ کیا؟

b) شاہی محل کو اور خوبصورت بنانے کےلیے کس کی ضرورت تھی؟

c) راجا نے کس کے لیے اعلان کیا؟

d) حکم پاتے ہی سپاہی لوگوں نے کیا کیا؟

8۔ پیڑوں کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔ پیڑ کاٹنے کے خلاف آپ کے گاؤں میں ایک جلوس منعقد کیے تو آپ کیا کیا نعرہ لگائیں گے؟
دو نعرہ تیار کیجیے۔ 2

9۔ ذیل میں چند ادیبوں کے نام دیے گئے ہیں۔ ان میں سے افسانہ نگاروں کے نام چن کر لکھیے۔ 2

| |
|---|
| قرّۃ العین حیدر ، عبدالحلیم شرر ، مرزا فرحت اللہ بیگ ، علی سردار جعفری |

☆☆☆